میاں محمد بخش ٹرسٹ

# اُمیدِ نو

سہ ماہی
نیوز لیٹر

جلد 4، شمارہ نمبر 4
اکتوبر تا دسمبر 2019ء
لاہور-پاکستان



بیماری کا جذبات سے کوئی ناطہ نہیں، یہ بہت بے رحم ہوتی ہے
چاہے کوئی بوڑھا ہو، عورت یا کوئی معصوم سا پھول

Mian Muhammad Bukhsh Trust

Bukhsh Hospital

آن لائن یا براہ راست عطیات کے لیے

**Mian Muhammad Bukhsh Trust**
**A/C # 0059 0010 1006 2346**
**Branch Code: 0590 MCB Bank,**
**Main Branch, Tehsil Road, Jhelum.**



## بیاد چوہدری مشتاق حسین برگٹ (مرحوم)

# مشتاق سے مشتاق تک

تحریر: علی چوہدری

انسانیت کے روپ میں فرشتے کے تصور سے کچھ ایسے چہرے نظر میں آتے ہیں جن کی زندگی لوگوں کی فلاح و بہبود کے کام کرتے بیت جاتی ہے۔ وطن عزیز میں جہاں غربت کے باعث لوگ تعلیم اور علاج کی بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہیں وہاں کچھ ایسے اہل دل بھی ظہور پذیر ہوتے ہیں جو ان اندھیروں کے خلاف شمع جلاتے ہیں اور ان بے سہارا لوگوں کے ہاتھ تھام لیتے ہیں۔ انہی میں سے جہلم کے ایک نواحی گاؤں دھنیالہ سے تعلق رکھنے والے چوہدری مشتاق حسین برگٹ (مرحوم) ہیں، جن کی پیدائش جہلم کے ایک متوسط گھرانے میں ہوئی۔

تعلیم سے فارغ ہو کر پولیس میں بطور افسر بھرتی ہوئے۔ ملازمت کے دوران آپ نے بے شمار کامیابیوں کے تمغے اپنے سینے پر سجائے اور پولیس کے نظام کار میں بہت ساری اصلاحات بھی لے کر آئے۔ پولیس میں اعلیٰ عہدے سے ریٹائرمنٹ کے بعد اپنے آبائی گاؤں میں سکونت اختیار کرنے کا فیصلہ کیا۔ آپ اس مٹی کا قرض اپنے اوپر ایک فرض سمجھتے تھے اور اس کو چکانا چاہتے تھے چنانچہ آپ نے مقامی افراد میں شعور و آگہی کے ساتھ ساتھ گاؤں میں ترقیاتی و فلاحی کاموں کا آغاز کیا۔ اس دوران آپ کو گاؤں کے نادار طبقات کے ساتھ مزید قربت بڑھانے اور ان کی مشکلات کو بخوبی سمجھنے اور ان کے حل پر غور و فکر کا موقع ملا۔

آپ نے دیکھا کہ گاؤں دھنیالہ جو کہ شہر سے لگ بھگ 10 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے اور اس کے نواح میں کئی دیہات صحت و تعلیم کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ دھنیالہ اور اس سے ملحقہ کئی دیہاتوں میں بچیوں کے لئے کوئی سیکنڈری سکول نہ تھا جس کی وجہ سے بچیاں پرائمری تعلیم کے حصول کے بعد اپنی تعلیم جاری نہ رکھ سکتی تھیں۔ آپ نے مقامی افراد کے ساتھ مل کر گاؤں میں موجود روایتی جوہڑ جو غلاظت اور بیماریوں کا موجب تھا اس کی بھرائی کروائی۔ حاصل شدہ زمین پر ہائی سکول قائم کیا جس کی بدولت اب تک علاقہ کی تقریباً 15 ہزار سے زائد بچیاں زیور تعلیم سے آراستہ ہو چکی ہیں۔

بچیوں کے سکول کے قیام کے بعد آپ نے مقامی آبادی کے لئے صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی پر توجہ مرکوز کی اور ایک فری ڈسپنسری کا آغاز کیا جہاں غریب اور نادار لوگوں کا مفت طبی معائنہ اور ادویات فراہم جاتیں۔ بعد ازاں علاج معالجہ کی مکمل سہولیات کی فراہمی کے لئے ایک جنرل ہسپتال کے قیام پر کام شروع کیا۔ اس خواب کی تعبیر میں ایک دہائی سے زیادہ عرصہ بیت گیا۔ دن رات کی انتھک تگ و دو کی وجہ سے آپ کی صحت گرنا شروع ہو گئی لیکن آپ نے ہمت نہیں ہاری اور اپنی جہد مسلسل میں کوئی فرق نہ آنے دیا۔ بالآخر 2016ء میں 55 بستروں پر مشتمل جدید سہولیات سے آراستہ ایک جنرل ہسپتال کا آغاز کیا جو آج اپنی مثال آپ ہے۔

چوہدری مشتاق حسین برگٹ مرحوم نے اپنی زندگی میں فلاح انسانیت کا جو دیا روشن کیا وہ آج میاں محمد بخش ٹرسٹ کے نام سے منور ماہتاب بن چکا ہے۔ انسانیت کی بھلائی اور خدمت کے لئے میاں محمد بخشؒ کے نام سے منسوب میاں محمد بخش ہسپتال آج علاقہ کے لوگوں کے لئے صحت کی سہولیات کا عظیم مرکز ہے۔ جہاں روزانہ سینکڑوں کی تعداد میں مریض آتے ہیں اور شفایاب ہوتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ مرحوم چوہدری مشتاق حسین برگٹ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کا روشن کیا ہوا یہ دِیا تادم لوگوں میں زندگی اور امید کی کرنیں بکھیرتا رہے۔






# جاپان ایمبیسی کی نمائندہ نو کا کاگور کا دورہ بخش ہسپتال، ایکسرے اور کلر ڈاپلر مشین کا معائنہ کیا

**جاپان کے لوگ پاکستانیوں سے والہانہ محبت کا جذبہ رکھتے ہیں، آئندہ بھی میاں محمد بخش ٹرسٹ کے ساتھ تعاون جاری رکھے گی: نو کا کاگو رنمائندہ جاپان ایمبیسی**

**ایکسرے اور کلر ڈاپلر مشینوں کی تنصیب سے بخش ہسپتال ضلع کے دیگر ہسپتالوں سے ممتاز حیثیت کا حامل بن چکا ہے: بریگیڈیئر (ر) شاہد محمود، خرم فرید برگٹ**

30 مئی 2019ء: میاں محمد بخش ٹرسٹ کے ایک اہم ڈونر جاپان ایمبیسی کی نمائندہ نو کا کاگور نے اپنے ریگولر مانیٹرنگ وزٹ کے دوران بخش ہسپتال میں نصب شدہ ایکسرے مشین اور کلر ڈاپلر مشین کا معائنہ کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے فنانس اور اس سے متعلقہ مختلف امور اور پیچیدگیوں پر تفصیلی گفتگو کی اور اس پر اطمینان کا اظہار کیا۔ بخش ہسپتال کے دیگر شعبوں کے معائنے کے دوران انہوں نے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف کی کارکردگی کو سراہا۔ نو کا کاگور نے کہا کہ جاپان کے لوگ پاکستانیوں سے والہانہ محبت کا جذبہ رکھتے ہیں۔ جہلم کے نواح میں لوگوں کی صحت کی سہولیات کے پیش نظر جاپان ایمبیسی آئندہ بھی میاں محمد بخش ٹرسٹ کے ساتھ تعاون جاری رکھے گی۔

اس موقع پر میاں محمد بخش ٹرسٹ کے چیئرمین بریگیڈیئر (ر) شاہد محمود، وائس چیئرمین خرم فرید برگٹ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر چوہدری سجاد علی، آڈیٹر اسد بلوچ اور ایڈمن مینجر ریحان مقصود اور دیگر بھی موجود تھے۔

واضح رہے کہ جدید ایکسرے اور کلر ڈاپلر مشینوں کی تنصیب سے بخش ہسپتال ضلع بھر کے دیگر سرکاری و غیر سرکاری ہسپتالوں میں ایک ممتاز حیثیت کا حامل بن چکا ہے اور دور دراز علاقوں کے لوگ بھی بخش ہسپتال میں آکر ان سہولیات سے مستفید ہو رہے ہیں۔ خاص طور پر حاملہ خواتین میں امراض کی تشخیص اب بین الاقوامی معیار کے مطابق ہو رہی ہے۔









# 28 جولائی: بخش ہسپتال میں ورلڈ ہیپا ٹائٹس ڈے کے موقع پر سیمینار کا انعقاد

## ہیپا ٹائٹس اے کا وائرس عام طور پر خراب کھانے یا آلودہ پانی کے ذریعے انسانی جسم میں داخل ہو کر جگر میں سوزش پیدا کرتا ہے: لیفٹیننٹ کرنل (ر) ڈاکٹر محمد حنیف

## تھکن، متلی، پسلیوں کے نیچے درد، مستقل بخار اس کی علامات، جلد کا رنگ سرخ اور آنکھوں میں زردی اتر آتی ہے، بروقت تشخیص سے علاج ممکن: ڈاکٹر عبدالکریم

28 جولائی 2019ء: ورلڈ ہیپا ٹائٹس ڈے کے موقع پر میاں محمد بخش ٹرسٹ کے زیر اہتمام بخش ہسپتال دھنیالہ میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف کے علاوہ اہل علاقہ نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ بخش ہسپتال لیفٹیننٹ کرنل (ر) ڈاکٹر محمد حنیف نے کہا کہ چند سال پہلے تک ڈاکٹروں اور طبی تحقیق کرنے والوں کو ہیپا ٹائٹس کی صرف دو بڑی اقسام کا علم تھا۔ 1963ء میں ہیپا ٹائٹس بی اور 1973ء میں ہیپا ٹائٹس سی کا وائرس دریافت کیا گیا۔ ہیپا ٹائٹس اے کا وائرس جگر کے شدید انفیکشن کا باعث بنتا ہے یہ جگر میں سوزش پیدا کرتا ہے جس کی وجہ سے جگر کا فعل متاثر ہوتا ہے۔ چونکہ جگر کو ایک نہیں بلکہ سینکڑوں کام انجام دینے ہوتے ہیں اس لئے یہ مرض خطرناک صورت اختیار کر جاتا ہے۔ ہیپا ٹائٹس اے کا وائرس عام طور پر خراب کھانے یا آلودہ پانی کے ذریعے انسانی جسم میں داخل ہوتا ہے، چونکہ یہ ایک موذی مرض ہے اس لئے کسی ایسے انسان سے قریبی تعلقات یا اختلاط کے باعث بھی دوسرے کو لگ سکتا ہے، جو پہلے ہی اس کا شکار ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہیپا ٹائٹس اے سے اب تک دنیا میں پندرہ لاکھ سے زائد افراد موت کے منہ میں جا چکے ہیں۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سرجن ڈاکٹر عبدالکریم نے کہا کہ انسان کا جگر پانچ سو سے زائد افعال سر انجام دیتا ہے گویا یہ انسان کے جسم کے لئے ایک چھلنی کی حیثیت رکھتا ہے جو مضر صحت اجزاء کو اپنے ہی پاس روک کر تحلیل کر لیتا ہے۔ یہ صفرا بھی پیدا کرتا ہے جو چربی، چکنائی اور دیگر ثقیل اجزاء کو ہضم کرنے میں مدد دینے والا اہم ترین عنصر ہے۔ ہیپا ٹائٹس اے جگر کو ناکارہ بنا دینے والا مرض ہے۔ یہ مرض زیادہ تر منہ کے راستے ہمارے جسم میں داخل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عام طور پر تین ہفتے بعد اس کی علامات جلد تھکن کا شکار ہونا، متلی کی سی کیفیت، دائیں طرف پسلیوں کے نیچے درد محسوس ہونا، کھانے کی خوشبو بری لگنا اور مستقل بخار رہنا اس کی علامات میں شامل ہے شروع ہو جاتی ہیں۔ یہ علامتیں اس لئے نمودار ہوتی ہیں کہ جگر وائرس سے متاثر ہونے کے باعث ناکارہ ہو جانے والے سرخ خلیات کو ٹھکانے نہیں لگا پاتا جو (بیلیروبن) کہلاتے ہیں۔ سرخ خلیات کے یہ باقیات دوبارہ خون میں شامل ہو جاتے ہیں اور متاثرہ شخص کی جلد کے نیچے جمع ہونے لگتے ہیں جس کی وجہ سے جلد کا رنگ زرد دکھائی دیتا ہے۔ یہ زردی آنکھوں کے سفید حصوں سے جھلک آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گو کہ ہیپا ٹائٹس اے ایک متعدی مرض ہے لیکن اس کی حفاظتی ویکسین موجود ہے جسے استعمال کر کے اس سے پیشگی تحفظ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ (امیینو گلوبلوئن) سیرم بھی موجود ہے جو اینٹی باڈیز کی تیار شدہ شکل ہے۔ اس دوا کے انجکشن لگوا کر سالوں تک ہیپا ٹائٹس اے سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر چوہدری عمر مشتاق برگٹ نے بھی خطاب کیا۔













# 11 جولائی: ورلڈ پاپولیشن ڈے کے موقع پر بخش ہسپتال میں سیمینار کا انعقاد

## پاکستان میں ہر سال 14 ہزار خواتین دوران زچگی انتقال کر جاتی ہیں بالخصوص دیہاتوں میں عورتوں کو مناسب طبی سہولتیں نہیں ملتیں: گائنا کالوجسٹ ڈاکٹر صائمہ عثمان

## آبادی کنٹرول کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے: لیفٹیننٹ کرنل (ر) ڈاکٹر محمد حنیف ایم ایس، آبادی پر کنٹرول نہ کیا گیا تو آئندہ نسلوں کیلئے مسائل بڑھیں گے: عمر مشتاق برگٹ

11 جولائی 2019ء: ورلڈ پاپولیشن ڈے کے موقع پر میاں محمد بخش ٹرسٹ ہسپتال میں پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ مشترکہ تعاون سے ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف کے علاوہ عام لوگوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے گائنا کالوجسٹ ڈاکٹر صائمہ عثمان نے کہا کہ پاکستان میں ہر سال 41 ہزار خواتین زچگی کے دوران اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتی ہیں، بالخصوص دیہاتوں میں زچگی کے دوران عورتوں کو مناسب طبی سہولتیں نہیں ملتیں۔ انہوں نے کہا کہ بیشتر اسلامی ممالک میں بڑھتی ہوئی آبادی پر کنٹرول کر لیا گیا ہے لیکن پاکستان میں تاحال حکومتی احکامات پر خاطر خواہ عمل نہیں کیا گیا اور خاندانی منصوبہ بندی پروگرام کو لوگوں میں خاطر خواہ پذیرائی نہیں مل سکی۔ کم عمری کی شادی آبادی میں مسلسل اضافے کا سبب بن رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی کو کنٹرول کرنا ہر شہری پر یکساں فرض ہے۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ لیفٹیننٹ کرنل (ر) ڈاکٹر محمد حنیف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت پاکستان کی مجموعی آبادی 200 ملین کے قریب ہے، اس لحاظ سے پاکستان دنیا کا چھٹا بڑا ملک ہے اور اس کی آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے، خصوصاً دیہات میں فی خاندان آٹھ آٹھ بچے پیدا ہوتے ہیں جبکہ والدین کے پاس ان کو تعلیم، صحت اور صاف پانی مہیا کرنے کے سلسلے میں کوئی بندوبست نہیں ہوتا۔ آبادی کنٹرول کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری عمر مشتاق برگٹ نے کہا کہ قیام پاکستان سے اب تک 70 سال میں آبادی کا تناسب تین گنا ہو چکا ہے۔ آبادی کو کنٹرول نہ کیا گیا تو آئندہ نسلوں کے لئے خوراک کی قلت کے ساتھ ساتھ دیگر بنیادی ضروریات زندگی کے بے شمار مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس ورلڈ پاپولیشن ڈے منانے کا مقصد لوگوں کے اندر آبادی کنٹرول کرنے کا شعور پیدا کرنے کی ایک کوشش ہوتی ہے۔ بحیثیت انسان ہمیں بڑھتی ہوئی آبادی کی رفتار کو روکنا ہوگا جس سے مسائل کا تدارک ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان کی مجموعی اقتصادی شرح نمو 3.2 فیصد سے زیادہ نہیں جو کہ بڑھتی ہوئی آبادی کی بنیادی ضروریات کو پوری کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔ ایک محتاط سروے کے مطابق 9 کروڑ افراد غربت کی لکیر سے نیچے انتہائی محرومی، بے چارگی اور مایوسی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ تقریب میں دیگر شرکاء نے بھی آبادی کنٹرول کرنے پر زور دیا۔



# بخش ہسپتال دھنیالہ میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد، درجنوں مریضوں کا مفت علاج کیا گیا

## میڈیکل سپیشلسٹ ڈاکٹر طارق عظیم کی قیادت میں ڈاکٹرز کی ٹیم نے دل، آنکھ، کان، گلہ، گائنی اور دیگر امراض کے مریضوں کا معائنہ کیا اور مفت ادویات دیں

**بخش ہسپتال دھنیالہ اپنی نوعیت کا ایک قابل تحسین منصوبہ، جہلم، میرپور اور گردونواح کے اضلاع کے لوگوں کی خدمت میں مصروف عمل ہے: بریگیڈیئر (ر) شاہد محمود**

میاں محمد بخش ٹرسٹ ہسپتال کی جانب سے بخش ہسپتال دھنیالہ میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس کیمپ کے دوران سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی ٹیم جن میں میڈیکل سپیشلسٹ ڈاکٹر طارق عظیم، ہارٹ سپیشلسٹ ڈاکٹر ہمایوں اصغر، ہارٹ سپیشلسٹ ڈاکٹر محسن شاہد، ای این ٹی سپیشلسٹ ڈاکٹر باسط الطاف، آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر مختار احمد، چیف کنسلٹنٹ گائناکالوجسٹ ڈاکٹر شہزانہ امتیاز، ایم ایس ڈاکٹر شاہد معروف کے علاوہ دیگر ڈاکٹر نور خان، ڈاکٹر آمنہ امجد اور ڈاکٹر امتیاز حسین شاہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر دل، آنکھ، ناک، کان، گلہ، گائنی کے علاوہ دیگر امراض سے متعلقہ درجنوں مریضوں کا مفت معائنہ کیا گیا اور اعلیٰ کوالٹی کی مفت ادویات فراہم کی گئیں اور مختلف امراض کے مفت ٹیسٹ بھی کئے گئے۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین میاں محمد بخش ٹرسٹ بریگیڈیئر (ر) شاہد محمود نے کہا کہ بخش ہسپتال دھنیالہ اپنی نوعیت کا ایک قابل تحسین منصوبہ ہے جو کہ ضلع جہلم، میرپور (آزاد کشمیر) اور گردونواح کے اضلاع کے پسماندہ اور نادار افراد کو صحت کی اعلیٰ سہولیات بہم پہنچانے میں اپنا نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ بانی ٹرسٹ چوہدری مشتاق حسین برگٹ مرحوم نے لوگوں کی فلاح و بہبود کا جو دِیا روشن کیا تھا آج اس کی لَو سے پورا علاقہ روشن اور مستفید ہو رہا ہے۔

وائس چیئرمین خرم فرید برگٹ نے چوہدری مشتاق حسین برگٹ مرحوم کے مشن کو زندہ و جاوید رکھنے کے عزم کو دہرایا۔ انہوں نے کہا کہ جہلم اور میرپور کے پسماندہ علاقہ جات میں عوام ہمدرد منصوبوں کو جاری رکھیں گے۔ بخش ہسپتال انتظامیہ شاندار کارکردگی پر مبارکباد کی مستحق ہے۔

# بخش ہسپتال عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے

## پروگرام کی کوالٹی اور بہتر نتائج کیلئے بخش ہسپتال کے ریگولر مانیٹرنگ اور ایویلیشن وزٹ کے موقع پر چیئرمین بریگیڈیئر (ر) شاہد محمود کی گفتگو

**24 اگست 2019ء:** پروگرام کی کوالٹی اور اس کے بہتر نتائج کے لئے میاں محمد بخش ٹرسٹ میں ریگولر مانیٹرنگ اور ایویلیشن کے ماہانہ اور سہ ماہی وزٹ ہوتے ہیں، جس میں باقاعدہ طور پر ہسپتال میں قائم تمام شعبہ جات میں مختلف کمی و کوتاہیوں کی نشاندہی کی جاتی ہے جن پر میاں محمد بخش ٹرسٹ کے سینئر ذمہ داران کی جانب سے ایک تجزیہ دیا جاتا ہے اور اس تجزیے کی بنیاد پر ان کو ایکشن پلان کا حصہ بنا دیا جاتا ہے۔

اس امر کے لئے بخش ہسپتال میں چیئرمین میاں محمد بخش ٹرسٹ بریگیڈیئر (ر) شاہد محمود کی سربراہی میں وائس چیئرمین خرم فرید برگٹ اور دیگر نے ہسپتال میں موجود تمام شعبہ جات کا بغور معائنہ کیا اور سروس کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے مختلف تجاویز دیں۔ اس موقع پر بریگیڈیئر (ر) شاہد محمود نے کہا کہ میاں محمد بخش ٹرسٹ ہسپتال عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے، ہسپتال میں کام کرنے والا تمام سٹاف اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں سے مریض اور ان کے لواحقین کو ہر ممکن طبی سہولتیں فراہم کرنے میں کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے صفائی ستھرائی کے عملہ پر زور دیا کہ صفائی کے حوالے سے بخش ہسپتال میں کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔









# بخش ہسپتال میں بہترین نتائج کیلئے سٹاف کی جدید طرز پر ٹریننگ کا اہتمام

## عوام کی خدمت اور ان کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا بخش ہسپتال کا نصب العین ہے: چیئرمین بریگیڈیئر (ر) شاہد محمود

29 جولائی 2019ء: میاں محمد بخش ٹرسٹ کے زیر اہتمام بہترین نتائج کے حصول کے لئے بخش ہسپتال دھنیالہ میں موجود سٹاف کی جدید طرز پر ٹریننگ کروائی گئی۔ ٹریننگ میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف اور ایڈمنسٹریشن سے منسلک پروفیشنلز نے حصہ لیا۔ چیئرمین میاں محمد بخش ٹرسٹ بریگیڈیئر (ر) شاہد محمود نے ٹریننگ کے اختتام پر شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بخش ہسپتال کا نصب العین عوام کی خدمت اور ان کو بہتر صحت کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ اس کے لئے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف اور ہسپتال کے تمام عملے کے اندر فلاح کا جذبہ موجود ہونا چاہئے تاکہ ہسپتال میں آنے والے مریض اور ان کے لواحقین ایک بہتر ماحول میں اپنا علاج معالجہ کرا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انسانی پروفیشنلز میں سے شاید سب سے زیادہ اہم اور افضل یہ ہے کہ کسی کی جان بچائی جائے اور آپ سب اس لحاظ سے بہت ہی زیادہ خوش قسمت ہیں کہ آپ کو اللہ رب العزت نے لوگوں کی زندگی بچانے کے کام پر مامور کیا ہے لہٰذا اپنے کام کو جوش و جذبے اور ایک ولولے کے ساتھ ادا کیجئے۔ ٹریننگ میں سٹاف نے مختلف طرح کی سرگرمیوں میں عملاً حصہ لیا اور پیشہ وارانہ زندگی میں آنے والے بہت سے مسائل اور ان سے نبرد آزما ہونے کے لئے مختلف طرح کی تکنیکی صلاحیتوں کو سیکھا۔






وائس چیئرمین میاں محمد بخش ٹرسٹ خرم فرید برگٹ امریکہ و برطانیہ کے دورہ پر فنڈ ریزنگ ڈنرز میں شریک ہیں۔

# رمضان المبارک میں بھرپور فنڈ ریزنگ مہم چلائی گئی

## وائس چیئرمین ٹرسٹ خرم فرید برگٹ نے امریکہ، کینیڈا اور برطانیہ کا کامیاب دورہ کیا

10 مئی 2019ء: میاں محمد بخش ٹرسٹ کے ایگزیکٹو بورڈ کا ایک غیر رسمی اجلاس ہوا جس میں رمضان المبارک کے دوران فنڈ ریزنگ کی بھرپور مہم چلانے کا ایکشن پلان کی تیاری پر غور کیا گیا۔ چیئرمین میاں محمد بخش ٹرسٹ بریگیڈیئر (ر) شاہد محمود نے فنڈ ریزنگ کے حوالے سے ایک متفقہ لائحہ ترتیب دیا اور اس پر عمل درآمد کی منظوری دی۔ وائس چیئرمین خرم فرید برگٹ کو بین الاقوامی سطح پر فنڈ ریزنگ کی ذمہ داری دی گئی جس کے تحت انہوں نے مختلف ممالک امریکہ کینیڈا اور انگلینڈ کے بیشتر شہروں کے دورے کیئے اور میاں محمد بخش ٹرسٹ سے منسوب لوگوں اور سپورٹرز سے تعاون کی اپیل کی اور اپنے وزٹ کو کامیاب بنایا۔ مقامی سطح پر چیئرمین بریگیڈیئر (ر) شاہد محمود، ایگزیکٹو ڈائریکٹر چوہدری سجاد علی نے مختلف والنٹیئرز کے ساتھ مل کر ایک منظم مہم کا آغاز کیا جو کہ پورے ماہ رمضان میں جاری و ساری رہی۔ اس مہم کے تحت میاں محمد بخش ٹرسٹ کے سپورٹرز اور ڈونرز سے ٹیلی فونک اور بالمشافہ رابطے کیئے گئے اور اس کے ساتھ ساتھ سوشل میڈیا پر مکمل ڈیجیٹل کمپین چلائی گئی جس کے تحت نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون ممالک میں مقیم پاکستانی کمیونٹیز سے تعاون کی اپیل کی گئی۔





# میاں محمد بخش ٹرسٹ کی ٹیم نے جہلم اور میر پور زلزلہ ریسکیو آپریشن میں بھر پور حصہ لیا

## موبائل ہیلتھ کیمپ کے ذریعے متعدد مریضوں کا علاج کیا گیا‘ میاں محمد بخش ٹرسٹ قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار: خرم فرید برگٹ

**24 ستمبر 2019ء:** جہلم اور میر پور میں زلزلے نے تباہی مچادی‘ 29 افراد جاں بحق‘ 400 سے زائد زخمی ہو گئے‘ میاں محمد بخش ٹرسٹ کی ٹیم نے ریسکیو آپریشن میں حصہ لیا اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد دی۔ تفصیل کے مطابق جہلم اور میر پور میں آنے والے زلزلے نے خوفناک تباہی مچائی‘ ہزاروں گھر ملبے کا ڈھیر بن گئے‘ سڑکوں میں شگاف پڑ گئے جبکہ سینکڑوں گاڑیاں الٹ گئیں۔ 3 اہم رابطہ پل بھی ٹوٹ گئے۔ ریکٹر سکیل پر زلزلے کی شدت 5.8 ریکارڈ کی گئی جس کا مرکز جہلم میں 10 کلو میٹر زیر زمین تھا۔ زلزلے کے بعد بخش ہسپتال انتظامیہ نے فوری طور پر ایمبولینسز اور پیرامیڈیکل سٹاف کو زلزلہ سے متاثرہ علاقوں کی طرف روانہ کیا جبکہ قریبی متاثرہ لوگوں کو بخش ہسپتال میں فوری طور پر طبی امداد دی گئی۔ اس سلسلے میں بخش ہسپتال کی انتظامیہ وائس چیئرمین میاں محمد بخش ٹرسٹ خرم فرید برگٹ نے بتایا کہ میاں محمد بخش ٹرسٹ نے موبائل ہیلتھ کیمپ کے ذریعے درجنوں مریضوں کو ابتدائی طبی امداد دی۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری مشتاق حسین برگٹ مرحوم کے وژن کے مطابق میاں محمد بخش ٹرسٹ ہسپتال انتظامیہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہے۔ انہوں نے ضلع جہلم‘ میر پور (آزاد کشمیر) اور گردونواح میں زلزلہ سے متاثرہ نادار افراد کو صحت کی اعلیٰ سہولیات بہم پہنچانے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔








# اپیل برائے تعاون بخش ہسپتال

میاں محمد بخش ٹرسٹ جو کہ ایک مکمل رفاہی اور غیر سیاسی ادارہ ہے اور گزشتہ 13 سال سے جہلم اور اس سے ملحقہ علاقوں میں بسنے والے پسماندہ اور نادار لوگوں کی خدمت کا مشن جاری رکھے ہوئے ہے اور سالانہ ہزاروں مستحق مریض شفایاب ہو رہے ہیں، یہ سب آپ کے تعاون اور امداد سے ہی ممکن ہوا۔

آپ بھی اپنے صدقات، زکوٰۃ اور عطیات بخش ہسپتال کو دے کر ایسے غریب و نادار لوگ جو اپنا علاج کرانے کی سکت نہیں رکھتے ان کے لئے رحمت خداوندی بن جائیں تا کہ بخش ہسپتال ایسے افراد کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی جاری رکھے۔

## آپ کے مالی تعاون کا منتظر بخش ہسپتال

## برائے عطیات

Bank Account Title: Mian Muhammad Bukhsh Trust

Bank A/C #: 0059 0010 1006 2346

IBAN: PK47 MUCB 0059 0010 1006 2346

Branch Code: 0590 Swift Code: MUCBPKKA

مسلم کمرشل بینک مین برانچ تحصیل روڈ جہلم۔ پاکستان


Mian Muhammad Bukhsh Trust

**MIAN MUHAMMAD BUKHSH TRUST**

**Head Office**
3-4 Khawaja Market, Shandar Chowk,
1- Mian Muhammad Bukhsh Road,
Jhelum 49600, Pakistan
Tel +92 544 625757 Fax: +92 544 622121

**Liaison Office:**
21 Dyal Singh Mansion,
57- The Mall Lahore 54000,
Pakistan
Tel: +92 42 37323932

**Hospital Address:**
Bukhsh Hospital Dhanyala,
Jhelum 49500
Tel +92 544 237013
Mob: +92 333 6285474

E-mail: info@bukhsh.org

Web: www.bukhsh.org